Patient Information

# Alendronate Sodium Tablet

## Indications:

Alendronate Sodium is an oral medication used for treating and/or preventing osteoporosis (thinning of bones). Additionally, it increases bone mass and reduces the chances of a hip or spinal fracture.

## Directions for use:

- Take one tablet of alendronate sodium on an empty stomach on the same day each week
- Swallow the tablet with a glass of plain water. Alendronate sodium tablets must not be taken with coffee, tea or juice
- Do not break, crush or chew the tablet
- Do not lie down for at least 30 minutes after taking the medicine
- Do not take any other medicines including vitamins, calcium or antacids for at least 30 minutes after taking an alendronate sodium tablet
- Do not discontinue alendronate sodium without consulting your doctor

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to alendronate sodium
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have pre-existing low blood calcium, vitamin D deficiency or are suffering from a kidney disease
- Have an ulcer in your stomach or oesophagus
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast-feeding

## Common side effects:

- Mild heartburn or stomach upset
- Diarrhoea, gas or constipation
- Pain in the joints or back
- Swelling in your hands, feet or joints
- Dizziness, weakness or headache

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

Seek immediate emergency medical attention for any suspected overdose. Overdose symptoms may include:

- Chest pain
- Difficulty or pain when swallowing
- Pain or burning under the ribs or in the back
- New or worsening heartburn
- Severe joint, bone, muscle or jaw pain numbness or swelling

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- Do not share your medicine with anyone

For more information, please contact:
**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# ایلینڈرونیٹ سوڈیم گولیاں

## استعمال

ایلینڈرونیٹ سوڈیم منہ سے لی جانے والی ایسی دوا ہے جو اوسٹیوپوروسس (ہڈیوں کے بھربھرے پن) سے بچاؤ اور اس کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مزید برآں یہ ہڈیوں کی کمیت میں اضافہ کرتی اور کولھے یا ریڑھ کی ہڈی میں فریکچر کے امکانات کم کرتی ہے۔

## دوا کس طرح استعمال کی جائے؟

- ایلینڈرونیٹ سوڈیم کی ایک گولی ہر ہفتے خالی پیٹ کھائیں۔
- اس دوا کو کافی، چائے یا پھلوں کے رس کے ساتھ ہرگز نہیں کھانا چاہیے بلکہ صرف سادہ پانی کے ساتھ کھائیں۔
- گولی کو توڑنے، پینے یا چبانے سے گریز کریں۔
- گولی کھانے کے بعد کم از کم 30 منٹ تک لیٹنے سے گریز کریں۔
- ایلینڈرونیٹ سوڈیم کھانے کے بعد کم از کم 30 منٹ بعد تک کوئی اور دوا بشمول ملٹی وٹامن، کیلشیئم یا معدے کی تیزابیت ختم کرنے والی کوئی دوا استعمال نہ کریں۔
- ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر ایلینڈرونیٹ سوڈیم کا استعمال ترک نہ کریں۔

## ڈاکٹر کو مطلع کریں اگر:

- آپ کو ایلینڈرونیٹ سوڈیم سے الرجی ہو۔
- آپ نسخے یا بغیر نسخے والی کوئی دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- آپ کیلشیم یا وٹامن ڈی کی کمی کا شکار ہوں یا آپ کو گردوں کی کوئی بیماری ہو۔
- آپ کو معدے یا غذا کی نالی میں السر کی شکایت ہو۔
- آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات:

- سینے میں ہلکی سی جلن یا ہاضمے کی خرابی
- ڈائریا، گیس یا قبض
- جوڑوں یا کمر میں درد
- ہاتھوں، پیروں یا جوڑوں کی سوجن
- سر چکرانا، کمزوری یا سر درد

## اگر دوا کی خوراک کھانا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے تو دوا کھا لیں۔
- اگر اگلی خوراک کا وقت ہو گیا ہے تو پچھلی خوراک نہ کھائیں۔
- پچھلی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیئے اضافی خوراک نہ کھائیں۔

## اگر اضافی خوراک کھا لیں تو:

- فوراً اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- اضافی خوراک لینے کی علامات یہ ہیں: سینے میں درد، نگلنے کے دوران تکلیف یا درد، کمر یا پسلیوں کے نیچے درد یا جلن، سینے میں جلن (یہ تکلیف نئی بھی ہوسکتی ہے اور پرانی تکلیف میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے)، جوڑوں، ہڈیوں، عضلات یا جبڑوں میں شدید تکلیف، جسم کا سن ہوجانا یا سوجن۔

## دوا کی حفاظت:

- دوا کو کمرے کے درجہ حرارت پر دھوپ اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں سے دور رکھیں۔
- اگر دوا کے استعمال کی میعاد گزر چکی ہو تو اسے استعمال نہ کریں۔ یہ میعاد ڈبے پر درج ہوتی ہے۔
- اپنی دوا کسی کو استعمال کرنے کے لیے نہ دیں۔

مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں:
ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
The Aga Khan University Hospital, Karachi